ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون؛۔021-99212639

# سندھ پولیس کی جانب سے ایس ایس پی اے وی ایل سی اور اُنکی ٹیم کیلئے دس لاکھ روپئے انعام کا اعلان۔
# ضلع نوشہروفیروز سے ترکش سفارتخانے کی چھینی ہوئی ٹویوٹا پراڈو (V8) بلوچستان سے برآمد۔

کراچی 17 دسمبر 2021ء؛۔

کارلفٹنگ جیسے جرائم کے خلاف عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر آئی جی سندھ نے ایس ایس پی اے وی ایل سی اور انکی ٹیم کے لیئے دس لاکھ روپئے نقد انعام اور تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے۔

تفصیلات کے مطابق مورخہ 20 نومبر 2021ء کو پورٹ قاسم سے گاڑیاں اسلام آباد، پشاور لیجانے والے ٹرالر کیریئر کو نوشہروفیروز کے مقام پر ٹویوٹا ویگو میں سوار نامعلوم مسلح ملزمان نے اسلحہ کے زور پر روک کر ڈرائیور اور کنڈکٹر کو یرغمال بنالیا اور کیریئر میں لوڈ دونئی ان رجسٹرڈ گاڑیاں چھین کر لے گئے جن میں ٹویوٹا پراڈو (VB) ترکش سفارتخانے کی ملکیت تھی۔

ایس ایس پی اے وی ایل سی نے نوشہروفیروز پولیس کی مدد سے مختلف مقامات پر کاروائی کی اور ایک کامیاب کاروائی میں گاڑی بلوچستان سے برآمد کی ہے جو کہ ترکش سفارتخانے کی ملکیت ہے عدم گرفتار ملزمان اور مزید گاڑیوں کی برآمدگی کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛